# گیت 1

۱

آبِ حیات سب کو پلاتا ہے المسیح
تشنہ لبوں کی پیاس بجھاتا ہے المسیح

۲

بھوکے جو زندگی کی غذا کے ہیں سیر ہوں
نانِ بقا سبھوں کو کھلاتا ہے المسیح

۳

پوشاک راستی کی نہ ہو جس کے جسم پر
اُس کو لباسِ پاک دلاتا ہے المسیح

۴

دیدارِ ربِ پاک کی گر تم کو ہو طلب
الحق خدائے پاک دکھاتا ہے المسیح

۵

عصیاں کے مرض میں جو گرفتار ہوں غریب
آ جاہیں وہ شفا کو بلاتا ہے المسیح

۶

اندھیرے اور موت کی وادی میں جو پڑے
ان کو اُٹھا فلک پہ بٹھاتا ہے المسیح

# گیت 2

آتے ہیں بندگی میں یسوع سے ملنے کو
جلدی جلدی آئیں اپنا سر جھکائیں
اَدب سے بیٹھیں گے یسوع سے ملنے کو
اَدب سے بیٹھیں گے یسوع سے ملنے کو
آمین

# گیت 3

۱

آج روشن اِس جہاں میں اِک ستارہ ہو گیا
نور سے جس کے منور دل ہمارا ہو گیا

۲

مدُتوں سے جس کی آمد کے رہے تھے منتظر
آج وہ ہی شاہِ عالم آشکارا ہو گیا

۳

دِل کو جس کی آرزُو تھی آج وہ پیدا ہوا
مالکِ ہر دو جہاں کا اب نظارہ ہو گیا

۴

چہچہاتے باغ میں ہیں آج مرُغانِ چمن
آ گیا ہے باغباں گلشن ہزارہ ہو گیا

۵

بے خطر اَب ہو مسیحی کچھ نہیں خوف و خطر
دامِ عصیاں اَب لعیں کا پارہ پارہ ہو گیا

# گیت 4

۱

آ چکا ہوں تیرے دَر پر اب دُعا کے واسطے
دست بستہ چشم گریاں التجا کے واسطے

۲

آیا خالی ہاتھ ہوں مَیں اے خداوند کریم
کر کرم مجھ پر تُو شاہِ انبیا کے واسطے

۳

دِل سیاہ اور رُو سیاہ اور سخت ہی بدکار ہوں
ہونٹ کھل سکتے نہیں تیری ثنا کے واسطے

۴

سخت زخمی ہے میرا دل تیرِعصیاں سے خدا
خونِ منجی چاہتا ہوں مَیں شفا کے واسطے

۵

بخش مجھ پر نیکی و پاکیزگی دِل خدا
کر کرم مجھ پر مسیح مجتبیٰ کے واسطے

۶

پاک رُوح اَب دیجئے اور پاک مجھ کو کیجئے
ہے یہ میری التجا اِبن خدا کے واسطے

# گیت 5

۱

آسماں پہ شہر ہو گا بادلوں کے پار ہو گا
زندگی وہاں پہ ہو گی زندگی کا راج ہو گا

۲

رنج و الم نہ ہوں گے ہر لب پہ نغمے ہوں گے
ہر سمت خوشیاں ہوں گی ابدی جلال ہو گا

۳

ماتم وہاں نہ ہوں گے آنسو وہاں نہ ہوں گے
موت بھی وہاں نہ ہوگی ابدی وصال ہو گا

۴

بے دم کبھی نہ ہوں گے بھوکے کبھی نہ ہوں گے
پیاس بھی وہاں نہ ہو گی ہر سُو کمال ہو گا

# گیت 6

آسمانی ہوا چلتی شفاف ندی بہتی ، پاکیزگی وہ دیتا ہیلیلویاہ ثنا ہو

۱

منجی عزیز کا جنم دن ہوا ، سب لوگوں کے واسطے مجسم ہوا

۲

گڈریئوں نے دیکھا اُجالا اُس کا ، بھیڑیں چھوڑ منجی کو سجدہ کیا

۳

مجوسیوں نے دیکھا ستارا اُس کا ، مُر سونا لُبان نذرانہ کیا

۴

جن لوگوں نے دیکھا نظارا اُس کا ، سب کام چھوڑ منجی کو سجدہ کیا

۵

اے یسوع مَیں ہوں اِک بچہ غریب، اِس لائق نہیں ہوں کہ آؤں قریب

# گیت 7

آواز اُٹھائیں گے ہم ساز بجائیں گے
اَے یسوع مسیح اپنا یہ گیت سنائیں گے

۱

سنسار کی خوبصورتی میں ہے رُوپ جو تیرا ہے
اِن چاند ستاروں میں ہے عکس جو تیرا ہے
مہماں کی تیری باتیں سب کو بتائیں گے

۲

دل تیرا خزانہ ہے اِک پاک محبت کا
تھا پا نہ سکا کوئی ساگر ہے تُو اُلفت کا
ہم تیری محبت سے دل اپنا سجائیں گے

۳

نہ دیکھ سکا ہم کو تُو پاپ کے ساگر میں
خود بن کے منش آیا آکاش سے ساگر میں
مکتی کا تُو داتا ہے ہم سب کو بتائیں گے

# گیت 8

۱

آوے گا بدلاں اُتے یسوع اسوار ہو کے

آون گے نال فرشتے خدمت گزار ہو کے

۲

ویکھے گی دنیا ساری تخت اِنصاف اُتے

بیٹھا ہے مُنصف یسوع کامل مختار ہو کے

۳

نیک اوہدے سجے پاسے گنہگار کھبے پاسے

ہوون گے حاضر ویکھو وکھری قطار ہو کے

۴

آو جنت وِچ میرے باپ دے مبارک لوکو

آکھے گا نیکاں نوں اوہ دِل تھیں سرشار ہو کے

۵

جاؤ دوزخ وِچ جاؤ لعنتیو ایسے ویلے

آکھے گا پاپیاں نوں وانگر اَنگیار ہو کے

۶

چلے گا غدر نہ کوئی سچی سرکار اَگے

ہووے گا بر سر لیکھا جاویں ہو شیار ہو کے

# گیت 9

آؤ آؤ یسوع پاس آؤ وہی بلاتا ابھی

تھکے ماندے بوجھ سے دبے ہو مکتی داتا یسوع پاس آؤ

۱

یسوع مسیح کی پکار کو سن کر دھیان کیوں دیتے نہیں

جگ میں اِتنی مصیبت اُٹھاتے محنت کرتے چین نہ پاتے

۲

اب بھی جگہ ہے بھائیو بہنو موقع پھر ملتا نہیں

دِن ہے بھائیو گزرا جاتا دنیا میں اندھیرا چھاتا

۳

کال اور مری اور لڑائیوں کو دیکھ کر توبہ کیوں کرتے نہیں

پیشین گوئیاں پوری ہوتیں واپس آتے سارے یہودی

۴

یسوع مسیح نے تمہارے واسطے اپنی جان دے دی

سولی چڑھ کے لہو بہایا تاکہ ہووے کفارہ ہمارا

۵

یسوع مسیح کے نام کے سوائے مکتی ملتی نہیں

اُسی میں ہے پاپ سے رہائی وہی دیتا خوشی بھائی

# گیت 10

آؤ جگ کے لوگ سب ہی یسوع راجا بلاتا ہے

۱

جگ میں جس کا شان نہیں ہے، جگ میں جس کا مان نہیں ہے
راج تمہیں دینے کے لئے یسوع راجا بلاتا ہے

۲

جگ میں تم ہو بھوکے مرتے ، جگ میں تم ہو پیاسے مرتے
بھوجن جل اب مفت میں دینے یسوع راجا بلاتا ہے

۳

سر پر کانٹوں کا تاج نشانی ، چھاپ ہے اُس کی بہتی پسلی
چھیدے ہاتھ پیارے ہوئے یسوع راجا بلاتا ہے

۴

آؤ بھائیو، آؤ بہنوں ، آ کر اُس کو پرکھو دیکھو
سارا بھار اُٹھانے کے لئے یسوع راجا بلاتا ہے

# گیت 11

آؤ شکر خدادا کریئے ایہو رب دی مرضی اے
اوہدے ناں نوں اُچا کریئے ایہو رب دی مرضی اے

۱

دُکھیاں دے دُکھاں دا چارہ کمزوراں دا راکھا اے
بے آساں دی آس مسیحا سارے جگ دا آقا اے
تھاں تھاں ذکر یسوع دا کریئے ایہو رب دی مرضی اے

۲

ساڈا رب پاتالاں وِچوں سانوں کڈھ لیایا اے
پاپاں وِچوں کڈھ کے سانوں اپنے نال بٹھایا اے
اوہدے پیار داچرچا کریئے ایہو رب دی مرضی اے

۳

اوہدے پاک حضُوروں سانوں سچیاں خوشیاں لبھیاں نیں
اوہدے پاک کلام نے سانوں اُچیاں گلاں دسیاں نیں
اوہنوں ہر دم سجدہ کریئے ایہو رب دی مرضی اے

# گیت 12

آؤ ہم شکرکریں آؤ ہم شکرکریں آؤ ہم شکرکریں،
یہواہ یری کا ، ایل شیدائی کا، یہواہ سلوم کا

۱

یسوع کے لہو سے پاک ہوئے ہیں ، رُوحِ مقدس سے ہم دُھلے ہیں

۲

یسوع کے نام سے میراث پاتے ہیں، ابدی زندگی اِنعام پاتے ہیں

۳

ہم کو گناہوں سے نجات ملی ہے ، رُوح کے پھلوں کی سوغات ملی ہے

# گیت 13

۱

آہا یسوع آیا زمیں پر خوشی کرتے ہیں سارے آسمان

آسمان آسمان آسمان آسمان آسمان

۲

اپنے گلّے کی کرتے رکھوالی گڈریئے باری باری جو تھے پاسبان

پاسبان،پاسبان، پاسبان، پاسبان،پاسبان،

۳

اُن پر ہوا اُجالا جو تھا بہت نرالا جس سے روشن ہوا وہ میدان

وہ میدان،وہ میدان،وہ میدان،وہ میدان،وہ میدان

۴

اِک لشکر تب آیا آسمانی سنائی سورگ بانی بہت ہی خوش الحان

خوش الحان،خوش الحان،خوش الحان،خوش الحان

۵

ہو عالمِ بالا پر خدا کی بڑائی اور آپس راضی ہوں انسان

سب انسان،سب انسان،سب انسان،سب انسان

# گیت 14

آیا مسیحا پیارا سارے جہان بد لے
دنیادے پاپ سارے آیا اُٹھان بدلے

۱

حوا نے قہر کمایا عدنوں سی باہر کڈھایا
عرشاں توں دھرتی آیا بگڑی بنان بدلے

۲

دنیا سی رُڑھدی جاندی ڈُبدی تے غوطے کھاندی
سچ دا کلام آیا رستہ دِکھلان بدلے

۳

دُکھاں دے وِچ گزاری اُس نے سی عمر ساری
دِل دا حلیم بنیا سانوں سکھلان بدلے

۴

سولی ہے اُس نے چائی جندڑی ہے گھول گھمائی
کیتی ہے آن رسائی پاپی بچان بدلے

۵

چھائی سی دُھند غباری جس وِچ سی دنیا ساری
سچ دا ہے نور آیا چانن لگان بدلے

۶

اُس توں قربان جایئے رحمت تے برکت پایئے
جاوے تے جان جاوے سچے ایمان بدلے

# گیت 15

آیا یسوع آیا یسوع آیا پیارے خوشیاں مناؤ سارے
جھوم اٹھی دھرتی ساری جھومو گاؤ سارے

۱

بیت الحم میں نور آیا خوش خبری دنیا میں لایا
ہا ہا ہا ہو ہو ہوسنو اور سناؤ سارے ،خوشیاں۔ ۔ ۔

۲

گنہگارو خوش ہو جاؤ کھل گئی راہِ نجات آؤ
ہا ہا ہا ہو ہو ہو کاہے پھرتے ہو مارے،خوشیاں۔ ۔ ۔

۳

انساں خدا کے بیچ صلح کروانے آیا عیسی
ہا ہا ہا ہو ہو ہو بےشک وہ ہے پسرِ خدا دھوم مچاؤ سارے

# گیت 16

آیا یسوع یار ساڈے پاس ، اَج اپنا رُوپ وٹا کے

۱

سنو فرشتے کیہ گاندے ہیں گے، کس داذ کرسناندے ہیں گے
کیسے ساز وجاندے ہیں گے ، راگ آواز ملا کے

۲

جنم خدا دے پُتر لیتا ، راہِ نجات اُس کھول ہُن دِتا
مکتی دے کم نوں پورا کیتا ، آدم شکل بنا کے

۳

اوسے داناں ہُن گا گا لیندے ، پاپیاں نوں خوش خبری دیندے
یسوع نام دی حمد کر یندے ، بربط بین وجا کے

۴

ہُن کمزور ہویوں ابلیسا ، بھیجا تیرا بھجیا سپا
پاک حضوروں ملیا دھکا، تُوں مُسٹیوں مار مکا کے

۵

آ وُ دلیر ہُن سبھے بنئے ، حکم خدا دا دِل نال منئے
موذی نال دلیر ہو لڑیئے ، مدد مسیح کولوں پا کے

۶

عرض کرے میرا تن لُوں لُوں ، زندگی بخشیں جے تُوں مینوں
صرف کراں گا سال دُوجے نوں ، تیراں صفتاں گا کے

۷

منت کردا ایہہ بندہ تیرا ، سچا چانن نام ہے تیرا
دل دا دُور کریں جے ہنیرا ، نور نوں تُوں چمکا کے

۸

طالب دل دی ایہہ مِنت ہے پیارے ، جنے تیرے لوک وچارے
بیٹھن سبے پاسے سارے ، راج کریں جدآ کے

# گیت 17

۱

اپنی چھوٹی آنکھیں مَیں تجھے دیتا ہوں
کسی بُری چیز کو میں کبھی نہ دیکھوں اَے یسوع اَے یسوع

۲

اپنے چھوٹے کان مَیں تجھے دیتا ہوں
کسی بُری بات کو مَیں کبھی نہ سنوں اَے یسوع اَے یسوع

۳

اپنا چھوٹا منہ مَیں تجھے دیتا ہوں
کسی بُری بات کو مَیں کبھی نہ بولوں اَے یسوع اَے یسوع

۴

اپنے چھوٹے ہاتھ مَیں تجھے دیتا ہوں
کسی بُرے کام کو مَیں کبھی نہ کروں اَے یسوع اَے یسوع

۵

اپنے چھوٹے پاؤں مَیں تجھے دیتا ہوں
کسی بُری راہ پر مَیں کبھی نہ چلوں اَے یسوع اَے یسوع

۶

اپنا چھوٹا دِل مَیں تجھے دیتا ہوں
کسی بُری سوچ کو مَیں نہ سوچوں اَے یسوع اَے یسوع

# گیت 18

اُچھلا جائے ہے دل میرے سینے میں کیوں نہ گائے یہ تیری ثنا
تُو نے دی ہے مجھے نئی زندگی اپنی بانہوں میں دی ہے پناہ

۱

میری ہر اِک خطا کے لئے ، میری ہر اِک جفا کے لئے
تُو نے کھائی ہے مار چڑھا سولی پہ، میرا بخشا ہے اِک اِک گناہ

۲

کیوں نہ ناچوں مَیں تیرے لئے، کیوں نہ گاؤں میں تیری ثنا
تُو نے بخشی مجھے ایسی خوشی ، دے سکتا نہیں جو جہاں

۳

کتنے سُونے تھے دن وہ میرے ، بِن تیرے جو ہیں بیت گے
تُو نے بخشی مجھے اِک نئی زمیں، اور دیا اِک نیا آسماں

۴

اب یہی ہے میری آرزو ، دیکھ پاؤں تجھے رُوبرو
تیرے قدموں میں خود کو بکھیر دوں ،اور کروں تیری حمد و ثنا

# گیت 19

اساں یسوع دا دوارا نہیوں چھڈنا ، زمانہ آزما کے وکیھ لے
پورا کراں گے جو بول مونہوں کڈھنا، زمانہ آزماکےوکیھ لے

۱

اسیں اَگ دیاں بھٹیاں وچ سڑاں گے
اسیں شیراں دیاں غاراں وِچ وڑاں گے
پیارے یسوع دا نہیں پیارا نام رڈّناں

۲

اسیں موت دے طوفاناں نال لڑاں گے
سولی اُلٹا چڑھاؤ گے تے چڑھاں گے
مونہوں ہر ویلے یسوع یسوع جپناں

۳

سر دینا پوے گا تے سر دیواں گے
قائم راستی دے راہ وِچ رہواں گے
سچ کہہ میدانوں نہیں بھجناں

۴

اسیں یسوع دے بیاناں نوں سناواں گے
باپ بیٹے تے رُوح پاک نوں تہاواں گے
جھنڈا ناصری دے نام والا گڈناں

۵

موت کمبے گی شیطانی زور مکے گا
روناں روندیاں دِی اکھیاں دا سُکے گا
جدوں یسوع دے دیوانیاں نے گجناں

۶

یسوع زندگی دا والی پُت رب دا
پھرے گلی گلی پاپیاں نوں لبھدا
ایہہ کوئی لکی چھپی گل نہیون سجنا

# گیت 20

اَساں یسوع دے دوارے اُتے رہنا،اوہ رحمتاں دا بانی
ہتھ بنھ کے غلامی وچ رہنا ، اوہ رحمتاں دا بانی

۱

یسوع جگ وچ آن کے رسیاں کیتاں
پاپان والے جہان تو صفایاں کیتاں
تیرے درتوں کیتے نہیں نس جانا ،اوہ رحمتاں دا

۲

عرضی قبول کر لے تُوں ہاری دی
لڑکی میری بیمار رُوح بچ جائے وچاری دی
مونھوں منگیاں مرادا لے کے جانا ، اوہ رحمتاں دا

۳

سُن سولی والے آکھیا سناواں تینوں میں
ایہناں اسرائیلی بھیڈاں نوں رجاواں پہلاں میں
دیواں تینوں جو بچیاں ددا کھانا ، اوہ رحمتاں دا

۴

تیرے در توں نہ جانا مَیں سولی والیا
میز تیرے توں کھانا میں سولی والیا
اساں تاجِ شہادت پا لینا، اوہ رحمتاں دا

# گیت 21

اَسی رب دے بندے ہاں تے رب سانوں پیار کردا اے
اَسی رُلدے پھردے ساں تے ہُن سانوں یسوع ملیا اے

۱

اَسی لبھدے پھر دے ساں خدا دِیاں سچیاں راہواں نوں
اَسی نِت ترسدے رہندے ساں پیار دِیاں ٹھنڈیاں چھانواں نوں
سانوں سچی زندگی دا یسوع نے رستہ دسیا اے

۲

جنہاں نوں معافی مل گئی اے اوہناں دے بھاگ جاگے نیں
اکھاں وِچ خوشیاں وَسیاں نیں دِلاں وچ چانن ہوگے نیں
ویکھو جی رب دا پیار کہ جیہڑا جگ توں وکھرا اے

۳

ہُن چار چوفیرے خوشیاں دے پھُل سجر کھڑپئے نیں
عرشاں دے وارث ہوگے نیں جیہڑے قدمی لگ گئے نیں
ساڈے اُجڑیاں باگاں نوں یسوع نے آن وسیایا اے

# گیت 22

اِک تاج بنا کے پرستش کا تیرے سر پہ سجاتے ہیں
نئے نغمے بھی نئی غزلیں بھی تیرے چرنوں میں لاتے ہیں

۱

تیرے نقش قدم یہ شمش و قمر
تیری راہ گزر یہ شام و سحر
ہم خوشیوں کے نئے پھولوں سے تیری راہ سجاتے ہیں

۲

سب تا ج یسوع تیرے قدموں تلے
ساری ہی دُنیا میں تیرا ہی دیپ جلے
ہم نگر نگر میں تیری آشاؤں کے گیت سناتے ہیں

۳

تجھ سے آباد دل کے گھرانے ہوئے
تیرے وعدوں سے روشن زمانے ہوئے
ہم قدم قدم پہ رحمت کے نئے گیت سناتے ہیں

# گیت 23

اِنجیل کو پھیلانا یہ کام ہمارا ہے
منجی کا زمانے میں یہ نام پیارا ہے

۱

چھیڑیں گے وہی نغمے ، یسوع کے اِشاروں پر
تکلیفوں کا کیا کہنا مرنا بھی گوارا ہے

۲

کندھوں پہ صلیبیں ہوں ،اِنجیل ہو ہاتھوں میں
دنیا کو بتا دیں گے یسوع ہی کفارہ ہے

۳

تثلیث کے نعرے پھر ، گونجیں گے فضاؤں میں
اِبلیس ہوا لرزاں اِس جوش نے مارا ہے

۴

نبیوں میں تیری عظمت ، حشمت ہے فرشتوں میں
آنکھیں کا وہ تارا ہے مریم کا دُلارا ہے

۵

ہم خون کا ہر قطرہ ہنس ہنس کے بہا دیں گے
دل اُس سے منور ہے احسان یہ بھارا ہے

# گیت 24

اے باپ تُو برکت دے ، روح پاک تُو برکت دے
نازل کر اپنا کلام ، مجھے اَور محبت دے

۱


روح پاک تُو مجھ سے بول ، میرے دل کی آنکھیں کھول
جیون جل مجھ کو پلا ، ہے پیار تیرا انمول

۲

ہر گام پہ رَکشا کر کر ، میرے آگے آگے چل
میرا ہاتھ پکڑلے تُو ، میرے ساتھ تُو رہ ہر پل

۳

مجھے خون سے اپنے دھو ، میری جان بدن روح کو
میری سوچ بدل دے تُو ، انداز نیا بھی ہو



# گیت 25

اے پربھو ہم تیرے در پر سجدہ کرنے آئے ہیں
اپنے اپنے دل نذرانے لے کے تیرے گھر آئے ہیں

۱

تیری عظمت کے گُن گائیں ، تیرے پیار کے نغمے سنائیں
تیری پرستش حمد و ثنا سب مل کر کرنے آئے ہیں

۲

دَھرتی کی یہ خلقت ساری ، اور فلک کی فوج وہ بھاری
مکتی داتا جان کے تجھ کو پیار دکھانے آئے ہیں

۳

پیار کا بہتا ساگر تُو ہے ، ہر ذرّے میں پنہاں تُو ہے
خالی دلوں کو بھر دو یسوع جی پیاس بجھانے آئے ہیں

۴

گرتے ہُوؤں کو تُو نے سنبھالا ، پاپوں کی کیچ سے ہم کو نکالا
شکر گزاری کرتے ہوئے ہم درشن پانے آئے ہیں

# گیت 26

اے خدا مَیں تیری باتیں نہ بھولوں گا
ساتھ تُو ہردم میرے مَیں تجھ میں رہوں گا

۱

باتیں ہے لکھی تیری تیرے پاک کلام میں
جانوں گا تب ہی مَیں جب کلام پڑھوں گا

۲

باتیں ہیں ساری اچھی تیرے پاک کلام میں
مانوں گا ساری باتیں تیرے پیچھے چلوں گا



# گیت 27

۱

اَے سب ایماندارو،خوش وخرم ہو کے ،اَب آ ؤ چلیں ہم تا بیت الحم

دیکھو نوزائیدہ مالک کُل جہان کا

## کورس

ہم اُسے سجدہ کریں (تین دفعہ) ربِ محمود

۲

خدا سے خدا ہے نور سے سچا نور ہے، جو مریم کنواری سے اب ہے مولود

برحق خدا ہے باپ سے متولّد

۳

اَے سارے فرشتو خوش ہو کر للکارو، آسمان کے باشندو سب شامل ہو

عالمِ بالا پر حمد ہو خدا کی

۴

خداوند مسیحا آج تُو پیدا ہوا ، مبارک مبارک ہو تیرا نام

باپ کا کلام اب ہوا ہے مجسم



# گیت 28

اَے لشکروں کے رب اَے عہد کے صندوق
تُو ہزاروں ہزار میں لوٹ کے آ

۱

تجھ سے کینہ رکھنے والے پراگندہ ہوں
تیرے سارے دشمن شرمندہ ہوں وہ شرمندہ ہوں

۲

دشمنوں کے رَتھوں کو تُو مار بھگاتا ہے
اپنی بادشاہی کا جھنڈا لہراتا ہے جھنڈا لہراتا ہے

۳

یریحو کی دیواریں ساری گرتی جاتی ہیں
ساری قومیں تیرے آگے جھکتی جاتی ہیں جھکتی جاتی ہیں

۴

تیرے پیار کا چرچا صبح و شام کرتے ہیں
بند دروازے یسوع نام سے کھلتے جاتے ہیں کھلتے جاتے ہیں

# گیت 29

اَے مسیحی نوجواں ، غافل نہ بن ہوشیار ہو
تُو سپاہی فوجِ یزداں کا ہے تُو تیار ہو

۱

جو ہیں بھٹکے اُن کو راہ زندگی بتلائے جا
خود سنبھل اور دوسروں کو بھی یہی سکھلائے جا
ہاتھ میں تلوار رُوح کی اور دل میں پیار ہو

۲

دُور منزل ہے تیری اور راستہ بھی ہے کٹھن
پھر جہاں کی لذتوں پہ آتا کیوں تیرا ہے من
یہ نہیں دُنیا تیری تُو چھوڑ اِس سنسار کو

۳

جو ہیں راہی تھک گئے تو آپ اُن کا ساتھ دے
جو ہیں پیچھے رہ گئے اُن کو بڑھا کے ہاتھ دے
اور تنہا رہ گے جو آپ اُن کا یار ہو

# گیت 30

اَے ہمارے باپ تُو جو آسمان پر ہے
تیرا نام پاک مانا جائے تیری بادشاہت آئے

۱

جیسی تیری مرضی آسمان پر پوری ہوتی
ویسی تیری مرضی دنیا میں پوری ہو

۲

روز کی روٹی ہماری آج تُو ہم کو دے دے
جیون کی روٹی تُو ہے تُو ہی ہماری طاقت

۳

جس طرح ہم اپنے قرض داروں کو معاف کرتے
اُسی طرح تُو ہمارے گناہوں کو معاف کردے

۴

چونکہ آسمانی بادشاہت اور قوت اور قدرت
جو زمین کا جلال ہے ہمیشہ تیرا ہی ہو

# گیت 31

بچو تارے کی مانند تم چمکو

کلام پڑھو اے پیارے بچو تا کہ اُس کے نور بنو

جھوٹ نہ بولو پیارے بچو تا کہ اُس کے نور بنو

مدد کرو اے پیارے بچو تا کہ اُس کے نور بنو



# گیت 32

برکت دے برکت دے برکت دے
پیارے یسوع برکت دے برکت دے برکت دے
قوت دے قوت دے قوت دے
پیارے یسوع قوت دے قوت دے قوت دے

۱

تُو ابدی خوشی سے معمور کرتا ہے
تُو خالی دِلوں کو بھرپور کرتا ہے
جو پاس تیرے آتا وہ نیا جیون پاتا ہے
رحمت سے رحمت سے رحمت سے

۲

ابلیس سے اِیمان کی لڑائی ہم لڑیں
ہر کام کو رُوحِ پاک کی تلور سے کریں
ہر قدم پر اُس کو ڈانٹیں اِبلیس کے سر کو کاٹیں
قدرت سے قدرت سے قدرت سے

۳

کمزروں کو لاچاروں کو تُو گلے لگاتا ہے
اور بوجھ سے تھکے ماندوں کو تُو پاس بلاتا ہے
جو پاس تیرے آتا وہ ابدی راحت پاتا
شفقت سے شفقت سے شفقت سے

# گیت 33

بنے رہو تم بنے رہو تم یسوع میں بنے رہو
روح میں گاؤ روح میں جھومو یسوع میں بنے رہو

ا

جیسے مچھلی بِن پانی کے زندہ نہ رہتی ہے
ویسے ہی وشواسی من یسوع بِن مردہ ہے
کثرت کی زندگی پانے کو یسوع میں بنے رہو

۲

جو ڈالی سدا پھل لاتی ہے اُس کو وہ چھانٹتا ہے
پیار خدا جیسے کرتا ہے اُس کو وہ ڈانٹتا ہے
روحانی پھلوں سے بھرنے کو یسوع میں بنے رہو

۳

راہ حق زندگی دینے والا تم کو بلاتا ہے
صبح کا تارا نور کا دھارا تم کو بلاتا ہے
منسوبؔ آنند پانے کو یسوع میں بنے رہو

# گیت 34

۱

بھیس بدلا کیاہُوا دل کابدلنا چاہیے ، ایک دو باتیں نہیں بالکل بدلنا چاہیے

۲

تندرستی کے لئے کپڑے بدلنا چاہیے ، حق پرستی کے لئے دل کا بدلنا چاہیے

۳

جوسُنیں بائبل سے وہ دل سے سمجھنا چاہیے، دل بدلنے کے لئے یسوع سے ملنا چاہیے

۴

اے دلا غفلت پہ اپنی آج رونا چاہیے، آج تُو بیدار ہو پہلو بدلنا چاہیے

۵

جوگئے دنیا سے وہ ہم کو یہاں ملتے نہیں، جو ہیں باقی اُن کو روح پاک ملنا چاہیے



# گیت 35

بیت لحم کے اے چھوٹے قصبے خاموش اور سنسان ہوتے دیکھا
اندھیری گلیوں میں تیری لیکن جلال ابدی چمکتے دیکھا

۱

صبح کے تارے یہ کہہ رہے تھے کہ یسوع جب تُو زمین پہ آیا
تمام عالم کو خرمی سے خوشی سے لبریز ہوتے دیکھا

۲

تُو بادشاہ آسمان سے زمین پہ آیا طبیب بن کر
ہر ایک اِنسان کے درد و غم کو لمحے میں معدوم ہوتے دیکھا

۳

دِلی تمنا یہ ہے ہماری کہ ہم سے مرضی ہو پوری تیری
کہ جس طرح انتظام رب کا تیری ولادت میں ہوتے دیکھا

۴

عجب خاموشی کی چند لمحوں میں آ گئی ہے خدا کی بخشش
دِلوں میں داخل اُسی طرح پر یسوع مسیح کو بھی ہوتے دیکھا

۵

گزر گئی ہے شب تیرگی کی چمک اُٹھا نور آسمان کا
پھر ایک دفعہ ہم نے آسمان سے یسوع مسیح کو آتے دیکھا

# گیت 36

پربھو لے لے مجھے تُو بانہوں میں ، کہیں گر نہ جاؤں گناہوں میں

۱

میرا تن من اور دھن تیرے لئے ، میرا سارا جیون تیرے لئے
مجھے لے چل تُو اپنی راہوں میں

۲

میرے دل کو تُو اپنے روح سے بھر، میرا دل ہو صرف تیرا ہی گھر
تُو ہی تُو ہو میری نگاہوں میں

۳

پاپیوں کو مَیں لاؤں تیرے پاس ، ابدی خوشی پائیں جو ہیں اُداس
وہ بھی ہو جائیں تیرے گواہوں میں



# گیت 37

۱

پطرس ایک مچھیرا تھا اُس کے پاس اِک کشتی تھی روزانہ نکلتا تھا بڑا کام کرتا تھا
اِک روز کیا ہوا سب دوستوں کے ساتھ ، پریشان ہو گیا ناکام ہو گیا

کورس

ہم نے ساری رات بڑی کوشش کی ، اور کوئی نہیں پکڑی مچھلی
ساری محنت بے کار ہوئی

۲

یسوع اگلی صبح نمودار ہوا ، اور کہنے لگا پریشان نہ ہو
میری بات سنو گہرے میں لے چلو ، ذرا شک نہ کر مچھلیاں پکڑو

۳

جال پھینکا گیا اور کھینچا گیا، مچھلیوں سے بھر گیا اور پھٹنے لگا
اَے خداوند خدا میں گنہگار ہوں، پطرس کہنے لگا تُو یہاں سے چلا جا

آخری کورس

ہم نے ساری رات بڑی کوشش کی ، اور کوئی نہیں پکڑی مچھلی
تیرے آنے سے شادمانی ہوئی

# گیت 38

پہلے ڈُھونڈو تم اُس کی بادشاہی آہا
پہلے ڈُھونڈو تم اُس کی راست بازی آہا
تو یہ ساری چیزیں تم کو ملتی جائیں گی
سب ضرورتیں بھی پوری ہوتی جائیں گی

۱

جیسے اُس نے ہمیں معاف کیا آہا ، کیا تم نے بھی سب کو معاف کیا آہا
پھر محبت ہی محبت ہر سُو پائیں گے ، ایک دوسرے کا ساتھ ہم نبھائیں گے

۲

نام اُسکا محبت اور رفاقت آہا ، نام اُس کا کلام کی صداقت آہا
وہی روشنی اور ابدی راستہ ہے ، وہی زندگی میرا بادشاہ ہے



# گیت 39

پیارو ہمت باندھو آگے بڑھو کروس کا لو نشان
جیتیں گے ہم پیارو ہارے گا شیطان

۱
لڑو لڑو پھرتی کرو یسوع ہے کپتان
ہمت باندھو ایماندارو بھاگیے گا شیطان

۲
پاپ اور دُکھ میں چاروں طرف مرتے ہیں انسان
رحم کرو دنیا پر پیارو وہ ہے پریشان

۳
گھر گھر جا کے کرو پیارو یسوع کا بیان
وہ ہے راجا مکتی داتا سب پر مہربان

۴
جلدی کرو سناؤ سب کو یسوع کا فرمان
پاپی بچتے جاتے لاتے جو اُس پر ایمان

۵
داسؔ کہیں بیری شرماتے سن یسوع کا فرمان
لوگ یسوع کو مانتے جاتے ہارتا ہے شیطان

# گیت 40

پیارے پاکستان میں ہم لائیں گے ہم نور

اِس کا سب اندھیرا جلدی کر کے دُور

آمین آمین ہم بڑھتے جائیں گے

آمین آمین ہم فتح پائیں گے



# گیت 41

پیچھے مسیح کے چلتے رہیں ، آگے ہی آگے بڑھتے رہیں
یسوع مسیح کے ہوتے ڈر کیوں رہے، بڑھتے چلیں بڑھتے چلیں
بڑھتے چلیں گے گاتے ہوئے

۱

دُشمن زمانہ ہوتا رہے ، رنج والم کی پروا کسے
وہ ہے ہمارا ہم ہیں اُس کے ، بڑھتے چلیں ....

۲

سارا زمانہ گائے یہی ، جے راجا یسوع جے بڑّے کی
یہی ہمارا نعرہ رہے ، بڑھتے چلیں ....

۳

تاریکیوں سے بچتے رہیں ، جے راجا یسوع گاتے رہیں
کوشش ہماری یہی رہے ، بڑھتے چلیں ....

۴

لہو بہا کے فدیہ دیا ، کیوں نہ مَیں گاؤں ہیلیلویاہ
ہیلیلویاہ سب مل کر کہیں ، بڑھتے چلیں ....

# گیت 42

تعریف ہو خداکے برّے کی ، تعریف ہو خداکے برّے کی

۱

عزت و جلال قدرت و کمال، ساری چیزیں ہے یہ برّے کی

۲

فرشتے صبح و شام لیتے اُس کا نام، کرتے ہیں عبادت برّے کی

۳

پرستش ہو سدا تیری اَے خدا ، ثنا ہو ثنا ہو برّے کی

۴

یسوع ہے عظیم اُس کی ہو تعظیم ، سارے گاؤ ثنا برّے کی



# گیت 43

تن من اور دھن اُسے دو ، اپنے یسوع کو سب کچھ دو
کیونکہ اُس سے تمہارا نجات پانا ہے، جیتی آتما کا دان اُسے دو

۱

گر یسوع کے بننا چاہو کچھ کر کے دکھانا ہو گا
خود بچنا ہی کافی نہیں اَوروں کو بچانا ہو گا
دل میں پہلی جگہ اُسے دو اپنے یسوع کو۔۔۔۔۔

۲

یسوع نام کو اپنا کہنا جیسے کانٹوں کی راہوں پر چلنا
اور سچے مسیحی بننا پھر سے کروس پر اُس کے مرنا
زندہ رہنے کی شکتی لو اپنے یسوع کو۔۔۔۔۔۔



# گیت 44

تُو میری خوشی ہے ، تُو میرا مسیح ہے ، تُومیری قوت ہے
تیری خوشی تیرا مسیح میرا زور ہے،تیری بادشاہی کا یہ کیسا شور ہے

۱


تُو ہے زندہ خدا تُو ہے میرا خدا ،ابتدا انتہا تُو ہے میری وفا
تُو میری خوشی ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

۲

تُو ہے نغمہ میرا تُو ہے چشمہ میرا ، تُو ہے رستہ میرا تُو ہے سپنا میرا
تُو میری خوشی ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

۳

تجھ سے شفا ملی تجھ سے فتح ملی ، تجھ سے راحت ملی تجھ سے برکت ملی
تُو میری خوشی ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔



# گیت 45

۱

تیرا پیار ہے بڑا تیرا پیار ہے بڑا

میں جو پہلے مُردہ تھا تُو نے ڈالی مجھ میں جان

کورس

پھر میں کیوں نہ میں بولوں تیری جے جے کار

جے جے کار جے جے کار تُو نے میرے لئے کیا کچھ نہ کیا

۲

میری صورت بگڑی تھی میرا یہ دِل تھا خالی

تُو نے سینچا خون سے تاکہ آئے ہریالی

۳

آئی دِل میں ہے خوشی پائی مَیں نے زندگی

تُو نے میرے شافیا تُو نے ہی ہے مجھ کو دی

۴

تُو نے رُوح سے بھر دیا اپنی قوت مجھ کو دی

تاکہ دوں مَیں گواہی تیرے جی اُٹھنے کی

# گیت 46

تیرا فضل میرے لئے کافی ہے (دو دفعہ)
تیرے لہو سی ملی مجھے معافی ہے
تعریف ہو خدا کے برّے کی

۱

میرا فدیہ دینے والا زندہ ہے،میری نجات کا بانی زندہ ہے

۲

میری شفا کا منبع یسوع ہے،میری حیات کا چشمہ یسوع ہے

۳

گُھورے سے اُٹھایا مجھ کو یسوع نے، پاپوں سے چھڑایا مجھ کو یسوع نے



# گیت 47

تیرا کلام زمانے میں اَے خداوندا
اثر دکھا کے رہا جس بھی رُوپ میں آیا

۱

تیرے کلام نے راتوں کو روشنی بخشی
تیرے کلام نے طوفاں کا رُخ بدل ڈالا

۲

تیرا کلام ہے شعلہ بھی اور شبنم بھی
تیرا کلام ہے انمول اَے خداوندا

۳

نہ تھا وجود کسی شے کا زمانے میں
خدایا تُو تھا تیرے ساتھ تیرا کلمہ تھا

# گیت 48

۱

تیراہوں یاربّ مَیں تیرا ہوں ، تیرا ہوں یاربّ مَیں تیرا ہوں

ہاں ہرروز ہاں ہروقت کرتی صاف تیری قدرت، تیراہوں یاربّ مَیں تیراہوں

۲

وفادار مجھے یسوع بنا ، وفادار مجھے یسوع بنا

ہاں ہرروز ہاں ہروقت وفادار تیری قدرت، وفادار مجھے یسوع بنا

۳

تھام لے ہاتھ خداوند تھام لے ہاتھ ، تھام لے ہاتھ خداوند تھام لے ہاتھ

ہاں ہرروز ہاں ہروقت رہنما تیری قدرت،تھام لے ہاتھ خداوند تھام لے ہاتھ

۴

تجھ سے پیار مَیں کرتا اَے خدا ، تجھ سے پیار میں کرتا اَے خدا

ہاں ہرروز ہاں ہروقت پیار سے پُر تیری قدرت،تجھ سے پیار مَیں کرتا اَے خدا

۵

میرے پاؤں بھی لےتُو اے خدا، میرے پاؤں بھی لےتُو اے خدا

ہاں ہرروز ہاں ہروقت چلوں تیری راہوں پر،میرے پاؤں بھی لےتُو اے خدا

# گیت 49

تیری حضوری کا بادل زور سے برسے
تیرے لہو سے خداوند ہر ایک دل بھی دُھلے

۱

یسوع تُو پیار کا دریا ہے اور سچائی کا رستہ
ابدی جیون ہر اِک کو تجھ سے مفت ملے

۲

بارش ہو روح پاک کی جنبش ہو روح پاک کی
ہر اِک دل میں اب یسوع روح کی آگ جلے

۳

خون میں قدرت ہے دل کو بدلنے کی طاقت ہے
تیرے لہو کی یہ ندیا صبح و شام بہے

# گیت 50

تیری رحمت ابدی ہے تیرا پیار نرالا ہے
تیرے پیار کی کرنوں سے ہرسمت اُجالا ہے

۱

میرا فدیہ بنا ہے تُو ، میرا عوضی ہوا ہے تُو

۲

تُو جان سے پیارا ہے ، میرے دِل کاسہارا ہے

۳

تُو نے پیار کیا مجھکو ، تُو نے معاف کیا مجھ کو

۴

تُو بوجھ اُٹھاتا ہے ، دُکھوں سے چھڑاتا ہے

# گیت 51

۱

تیری شریں آواز میَں سنتا ہوں خدا

بلاتی پاس اُس چشمے کے صلیب سے جو بہا

کورس

آتا ہوں مسیح آتا تیرے پاس

دھوکے صاف کر چشمے سے جو بہتا کروس سے خاص

۲

آتا کمزور لاچار دیکھ میری حالت کو

نجاست سے پاک و صاف کہ ایک بھی داغ نہ ہو

۳

مسیح تُو بخشتا ہے کامل پیار اِیمان

کامل اُمید اور چین آرام زمین پر اور آسمان

۴

تحسین کفارے کو تحسین مفت فضل کو

تحسین مسیح کی بخشش کو اب مل کر سب کہو

# گیت 52

تیری صلیب کے سائے تلے ، تیرے پیار کی جوت جلے
آشاؤں نے جنم لیا اُمیدوں نے دی صدا ، جب جیون کی شام ڈھلے

۱

جیون رستے سندر سپنے ، تیرے خون سے اُجلے اُجلے
پیار اور چاہت آن ملے

۲

سات سُروں کے بہتے دھارے ، پھول اور خوشبو چاند ستارے
تیری صلیب کی اور چلے

۳

یسوع پھول ہے صحراؤں میں ، یسوع نور ہے اندھیاروں میں
پریتم کے سنگ انت بھلے

# گیت 53

تیرے دِل میں مجھ کو جگہ ملی ، میرادِل پکارے مسیح مسیح

تیرا پیار ہے میری زندگی ، میری زندگی ہے میرا مسیح

۱

مَیں گناہ کے ہاتھ بکا ہوا ، یہ ہے سچ کہ مَیں تھا مرا ہوا

تُو نے میری موت قبول کی ، مجھے بخش دی تُو نے زندگی

۲

مَیں اندھیری راہوں پہ ہو لیا ، میں گناہ کی وادی مَیں کھوگیا

تیری آنکھ مجھ پہ لگی رہی ، میرے پاس آئی سلامتی

۳

نہ پھروں گا کہیں در بہ در ، تُو ہوا ہے خود میرا ہم سفر

مجھے منزلیں ہیں پکارتی ، مَیں رہوں گا اب تیرے ساتھ ہی

# گیت 54

تیرے مار کھانے سے یسوع میَں نے شفا پائی ہے
تیرے خون بہانے سے ملی مجھ کو رہائی ہے

۱

تُو رحم کا ساگر ہے ، تُو پریم کا پیکر ہے
تُونے اپنی جان دے کر میری زندگی بچائی ہے

۲

کوئی چارہ گر تجھ سا نہیں ،کوئی رہبر تجھ سا نہیں
تُو نے قربان ہو کر میری بگڑی بنائی ہے

۳

تُونے وعدہ پورا کردیا ہے ، تُونے پاک روح سے بھر دیا ہے
تُو نے میرے قدموں کو آسمانی راہ دکھائی ہے

# گیت 55

۱

جان مَیں نے اپنی دی ، خون دیا بیش بہا
کہ پائے زندگی اور موت سے ہو رہا
یہ جان یہ جان یوں دی تجھے کیا دیتا تُو مجھے؟

۲

میں چھوڑ کر خاص جلال ، زمین پر آیا تھا
ہوا غریب تنگ حال ، اور دُکھ اُٹھایا تھا
یوں مَیں نے مَیں نے چھوڑ سب ،کیا چھوڑا تا ہے تُو اب؟

۳

مصیبت بے بیان مَیں نے گوارا کی
کہ بچے تیری جان اور پائے مخلصی
یوں دُکھ میں دُکھ میں مَیں رہا ،کیا تُو نے کچھ سہا؟

۴

مَیں لایا ہوں نجات اور معافی کا انعام
مَیں لایا آبِ حیات اور صلح کا پیغام
یہ سب کچھ سب کچھ لایا مَیں اب تُو کیا لایا ہے؟

# گیت 56

جانتا ہوں یسوع کو میَں ، مجھ کو بچانے والا

۱

یسوع مسیح ہے خدا خالق کُل دُنیا کا

دبے ہوئے انسان تیرا بوجھ اٹھانے والا ہے

۲

گلشن ہے آباد میرا بے حد ہے دل شاد میرا

یسوع ہے اُستاد میرا، پیار دکھانے والا ہے

۳

میرا کفارا ہے یسوع میرا سہارا ہے یسوع

روشن تارا ہے یسوع نور دکھانے والا ہے

۴

مالک ہے میرا سر پر تجھ کو ضیا اب کس کا ڈر

انتظار یسوع کا کر وہ پھر آنے والا ہے

# گیت 57

۱

جائیں کس کے پاس گنہگار یسوع ہے زندگی

موت سے کرتا ہے وہی پار یسوع ہے زندگی

زندگی رُوحانی زندگی غیرفانی

بخشش عجیب راہ صلیب لے لو تم زندگی

۲

رُوح اور دُلھن بھی کہتیں آ یسوع ہے زندگی

تُو جو سنتا ہے کہتا جا یسوع ہے زندگی

ساری قومیں آئیں آبِ حیات وہ پائیں

بخشش عجیب راہ صلیب لے لو تم زندگی

۳

مفت وہ دیتا ہے سبھوں کو یسوع ہے زندگی

اُس کی موت کا تم حاصل لو یسوع ہے زندگی

نقدی نہیں لانا اُس کے فضل سے پانا

بخشش عجیب راہ صلیب لے لو تم زندگی

۴

یسوع لیتا مَیں تیرا نام تُو ہی ہے زندگی

بالکل ناقص ہیں میرے کام تُو ہے زندگی

تجھ پر آسرا میرا بندہ ہوں مَیں تیرا

بخشش عجیب راہ صلیب لے لو تم زندگی

# گیت 58

جب سے پیارا یسوع آیا میرا جیون بدل گیا
جب سے مَیں نے اُسے ہے پایا میرا جیون بدل گیا

۱

مجھے غم اور مصیبتوں میں سہارا دے کر ، میرے پاپوں کا بوجھ لے کر اپنے اوپر
کروس پر خون اپنا ہے بہایا، میرا جیون بدل گیا

۲

اِس جہان کی گندگی سے مجھے چھڑایا، خون دے کر مجھے گناہوں سے بچایا
اس لئے میرا تن میری کایا ، میراجیون بدل گیا

۳

مجھے خریدا ہے مسیح نے خون دے کر مَیں ہوں اُس کا میرا نہ کوئی سوائے اُس کے
پُتر نے ہے پِتا سے ملایا ، میراجیون بدل گیا

۴

میری راہوں میں نہ کانٹے اَب راہیں گے، میری منزل میں بھی ماتم اَب نہ ہوگا
ہو گیا دُور موت کا سایہ ، میرا جیون بدل گیا

۵

رات کالی بیت گئی ہے ہواسویرا، صبح کا تارا دیکھو چمکا یسوع میرا
اِس لئے مَیں نے یہ گیت گایا ، میرا جیون بدل گیا

# گیت 59

تیری شان جلالی ناصریا تینوں دھن دھن لوکی کہندے نیں
اوہ بھاگاں بختاں والے نیں تیرے گھر وچ جیہڑے رہندے نیں

۱

جنہاں پیار تیرے نال کیتا ، ہس ہس جام شہادت پیتا
کسے مشکل کولوں ڈر دے نیں ، ہر دُکھڑا جان تے سہندے نیں

۲

تُوں نہ بھردا جے میری حامی ، مر جاندا میں وِچ غلامی
میں تیرا کرم نہیں بھول سکدا ، مینوں یاد اوہ ویلے رہندے نیں

۳

سولی چڑھ گیوں جگ دے کارن، وگڑے تگڑے کاج سوارن
میرے روگاں دا اوہ دارو نیں ، جیہڑے خون دے قطرے بہندے نیں

# گیت 60

تیرے دل کے در پر یسوع کھٹکھٹاتا
کھول دے تُو دروازہ وہ ہے آنا چاہتا

۱

بننا چاہتا ہے وہ ہاں ہاں تیرا ہی مہمان آج
تیرا غم و فکر وہ اُٹھانا چاہتا

۲

خوش اپنی دیتا ہاں ہاں تجھ کو اے مسیحی
رات دن وہ تیرے ساتھ ہی رہنا چاہتا

۳

نرم آواز سے بولتا ہاں ہاں موا واسطے تیرے
چھوڑ دے بدسلوکی کھول دے در میَں آتا

۴

تیری خاطر میَں ہاں ہاں نے پہنا تاج خار دار
تجھ کو اب جلالی تاج ہوں میَں پہناتا

۵

بے وفا نہ ہوتُو ہاں ہاں میرے خون خریدے
کر میرا اقرار تُو مجھ سے کیوں شرماتا

۶

کھولتا ہوں دروازہ ہاں ہاں دل کا اَے مسیحا
آ اور اِس میں رہ تُو میَں ہوں دل سے چاہتا

# گیت 61

جب خداوند کا رُوح میرے دل میں آتا ہے، تب مَیں گاؤں گا داؤد کی طرح

تب مَیں گاؤں گا تب مَیں گاؤں گا، تب مَیں گاؤں گا داؤد کی طرح

۱

تالی بجاؤں گا تالی بجاؤں گا ،تالی بجاؤں گا داؤد کی طرح

۲

تب مَیں ناچوں گا تب مَیں ناچوں گا،تب مَیں ناچوں گا داؤد کی طرح

۳

تعریف کروں گا تعریف کروں گا تعریف کروں گا داؤد کی طرح



# گیت 62

جن کو خدا نے جوڑا ہے کبھی اُن کو جدا نہ کرنا
انمول گھڑیوں کی لڑیوں سے اُن کو جدا نہ کرنا

۱


جسم کی مانند جان کے نازک رکھنا محبت اِس سے
یسوع کی شہزادی ہے یہ کرنا اُلفت اِس سے
تُو سر اِس کا مسیح سر تیرا سر تن سے جدا نہ کرنا

۲

شوہر سے یوں عہدِ وفا ہو جیسے خداوند سے
عزت کرنا ڈرتی رہنا جیسے خداوند سے
دکھ سکھ میں تُو لپٹی رہنا دل جاں سے جدا نہ کرنا

۳

ہم جو خوشیوں میں ہیں شامل آنکھ نہ اِن سے چرائیں
برکت چاہیں اِس جوڑے پر ہمت اِن کی بندھائیں
جھوٹی سچی باتوں سے کبھی اِن کو جدا نہ کرنا



# گیت 63

جوانی کے دنوں میں جو خدا کو یاد کرتے ہیں
مبارک وہ جواں ہیں جو مسیح کوشاد رکھتے ہیں

۱

فرشتوں سے بھی افضل ہیں وہ سب جنت کے وارث ہیں
مسیح کے نام پر جو زندگی ناشاد کرتے ہیں

۲

وہ مر سکتے ہے لیکن مٹ نہیں سکتے زمانے سے
وہ مر جاتے ہیں پر لاکھوں جہاں آباد رہتے ہیں

۳

وہ پا لیتے ہیں قابو دِل کی ہر دھڑکن پہ بالا آخر
ضیاؔ بندے مسیح یسوع سے جو فریاد کرتے ہیں

# گیت 64

جے جے یسوع، جے جے یسوع، جے اَمرتیو جے جے کار

سرجن ہار ، پالن ہار ، تارن ہار

۱

دِینوں کا دُکھ ہرنے والا ، ہر دے میں شانتی بھرنے والا

جے جن رنجن جے دُکھ بھنجن

جے جے کار ، سرجن ہار ، پالن ہار ، تارن ہار

۲

نرِتن دھار لیو اوتارا ، دے نج پر ان کیو چھٹکارا

جے جگ تراتا ، جے سُکھ داتا

جے جے کار ، سرجن ہار ، پالن ہار ، تارن ہار

۳

مرتیو بندھن بھنجن ہارا ، اِکشئے جیون دیون ہارا

روگن شوکن ایک اُدھارا

جے جے کار ، سرجن ہار ، پالن ہار ، تارن ہار

۴

جے جے کارکرو سب پیارو ، نر و ناری اِک سنگ پکارو

نعرے مارو جے للکارو

جے جے کار ، سرجن ہار ، پالن ہار ، تارن ہار

# گیت 65

چلو میرے ساتھ باپ کے گھر میں ، وہاں خوشی منائیں گے

۱

کافی جگہ ہے باپ کے گھر میں ، وہاں خوشی منائیں گے

۲

بادشاہ دیکھیں گے باپ کے گھر میں ، وہاں خوشی منائیں گے

۳

یسوع بادشاہ ہے باپ کے گھر میں ،وہاں خوشی منائیں گے

۴

معافی ملے گی باپ کے گھر میں ، وہاں خوشی منا ئیں گے



# گیت 66

خالق مجسم ہوا ہے، مالک مجسم ہوا ہے، دیکھو چرنی میں نورِ خدا ہے

۱

بیت لحم کی فضائیں کیوں نہ ناچیں کیوں نہ گائیں
ظلمت تھی چاند آ گیا ہے ، دیکھو چرنی میں نورِ خدا ہے

۲

چھوڑ کر عرش فرش پہ آ گیا راہِ زندگی ہمیں دکھا گیا
مرضِ گناہ کی دوا ہے ، دیکھو چرنی میں نورِ خدا ہے

۳

بوجھ سے دبے ہوئے آزاد ہوں مغموم دِل آج شاد ہوں
ہے کس کا وہ آسرا ہے ، دیکھو چرنی میں نورِ خدا ہے

۴

سِینا پہ ہوئی تھی عیاں مریم کی گود میں ضوفشاں
یہی وہ اَزلی ضیا ہے ، دیکھو چرنی میں نورِ خدا ہے

# گیت 67

۱

خدا نے ایسی شدت سے جہاں کو کیا پیار
کہ بخشا اپنے بیٹے کوتا ہووئے فدا کار

کورس

جے جے جے جے مسیح کی جےء ، مصلوب جو ہوا ہے
بے حد ہے اُس کا پیار عجیب، جے جے مسیح کی جے

۲

دیکھ دیکھ خدا کا پیار عجیب کہ یسوع آیا ہے
صلیب پر دے کے اپنی جان مجھے بچایا ہے

۳

اِیمان سے یسوع میرا ہے جو ہوا تھا مصلوب
اُسی کے خون سے ہے نجات، ہے اُس سے موت مغلوب

۴

اَے گنہگارو ہو مسرور کہ ہووے تم آزاد
خداوند نے شیطان کا کام اب کیا ہے برباد

۵

اب خون خریدو گاؤ سب مسیح کی ہووے جے
ہاں موت جب آوے کہوں گا مسیح کی ہووے جے

# گیت 68

خدا ہے بڑا ، وہ قوت اور طاقت سے سب کچھ یو کر سکتا ہے

پہاڑاُس کے ہیں ، دریا اُس کے ہیں ، دنیا اُس کے ہاتھ میں ہے



# گیت 69

خداوندا اپنے لوگوں میں آیا ہے ، پاک روح کا پہرہ ہر سُو چھایا ہے

وہ آیا ہے یسوع آیا ہے

۱

دشمن سارے بھاگیں گے ،بندھن سارے ٹوٹیں گے

کیونکہ اُس نے تخت اپنا یہاں پہ لگایا ہے

۲

اندھی آنکھیں دیکھیں گی ، مردہ رُوحیں جاگیں گی

زندگی میں اُمیدوں کی شمع کی جلایا ہے

۳

سولی پہ وہ موا ہے ، وہی پیار کارستہ ہے

جان بھی دی کلوری پہ خون بہایا ہے

۴

ابدی جیون دینے کو ، سچی خوشی دینے کو

اُس نے سارے اِنسانوں کواپنے پاس بلایا ہے

# گیت 70

خداوند سُنتا ہے دُعا خداوند دیتا ہے جواب
خداوند رہتا ہے ہر دم اپنے ہی لوگوں کے ساتھ

۱

یسوع نے کہا تم میرے باپ سے ،کچھ مانگتے نہیں کچھ پوچھتے نہیں
اگر تم میرے باپ سے اگر تم میرے نام سے
کوئی مانگو گے دُعا خداوند دیتا ہے جواب

۲

ایلیاہ ہمارا ہم طبیعت انسان تھا، گھٹنوں پہ بیٹھ کر مانگتا تھا وہ
بڑے جوش سے اُس نے بڑے ہوش سے اُس نے
اِک مانگی تھی دُعا برسوں بادل نہ برسا
(پھر بڑے جوش سے اُس نے بڑے ہوش سے اُس نے)
اِک مانگی جو دُعا چھم چھم بادل تھا برسا

# گیت 71

۱۔اخداوند کی شادمانی میری قوت ہے (تین دفعہ)

خداوند کی شادمانی قوت ہے

۲۔زندگی کا پانی دیتا ہے نہ پیاس رہے گی (تین دفعہ)

خداوند کی شادمانی قوت ہے

۳۔ہنسی سے منہ کو بھرتا ہے وہ ہا ہا ہا (تین دفعہ)

خداوند کی شادمانی قوت ہے

۴۔اگر تُو خوشی چاہے اُس کی تعریف کر (تین دفعہ)

خداوند کی شادمانی قوت ہے

۵۔غمزدوں کو خوش کرتا ہے وہ روتے نہیں (تین دفعہ)



# گیت 72

خوشی خوشی مناؤ خوشی خوشی مناؤ ، بولو بولو مسیحا کی جے جے جے
میرے لئے آیا میرے لئے جیا ، میرے لئے یسوع نے دُکھ اُٹھایا
میرے لئے مارا گیا میرے لئے گاڑا گیا، میرے لئے پھر جی اُٹھا میرا ہے مسیح
مَیں مسیح کا ہوں ، ہم مسیح کے ہیں ، خوشی خوشی مناؤ ......



# گیت 73

۱

دِل کے داغ کو دھوئے کون ؟ لہو جو کہ کروس سے جاری

میرے مرض کو کھوئے کون ؟ لہو جو کہ کروس سے جاری

کورس

وہ چشمہ ہے معمور ، داغ دِل کے کرتا دُور

ہے مجھ کو دِل منظو ، لہو جو کہ کروس سے جاری

۲

میرے درد کا شافی ہے ، لہو جو کہ کروس سے جاری

معافی کو وہ کافی ہے ، لہو جو کہ کروس سے جاری

۳

وہ ہے میرے قرض کادام، لہو جو کہ کروس سے جاری

وہ ہے میرا خاص انعام ، لہو جو کہ کروس سے جاری

۴

میری وہ اُمید ہے خاص ، لہو جو کہ کروس سے جاری

راستی کا خوش لباس ، لہو جو کہ کروس سے جاری

۵

دُکھ تکلیف میں ہے پناہ ، لہو جو کہ کروس سے جاری

وہ ہے میرے گھر کی راہ، لہو جو کہ کروس سے جاری

۶

میرے گیت کا مضمون ، لہو جو کہ کروس سے جاری

مجھ کو کرتا ہے ممنون ، لہو جو کہ کروس سے جاری

# گیت 74

۱

دل لے لے میرا پیارے یسوع اِس کو تُو نے بنایا ہے
اِس میں تُو اپنا گھر بنا لے جس کے لئے یہ بنایا ہے

۲

دُنیا کی سب چیزیں نکال کر اِسے پاک و صاف کر دے
گندگی گناہوں کی تُو دھو دے اپنے خون سے جو بہایا ہے

۳

بہت سال میں رہا تجھ سے دُور بے پروائی نے تھا رکھا دُور
تیرے رحم اور فضل اور پیار نے تیرا دَر مجھے دکھایا ہے

۴

پڑھا جب کلام پاک مَیں نے جو اصلی ہے شاہراہ
ابدی نجات و زندگی کا مجھ کو یقین آیا ہے

۵

رُوح پاک کا ہو جائے مسکن روحِ پاک کی بخشش سے
ہر وقت ہر جگہ دُوں گواہی رُوح نے جیسے سکھایا ہے

# گیت 75

دھن دھن یسوع تیرا نام
تُو داتا اور پالن ہار بینتی کروں صبح و شام

۱


پگ پگ کرِپا ساتھ ہمارے ،گرتے ہوؤں کومل گئے سہارے
تُو داتا اور پالن ہار. . . . . . . .

۲

ہِرے دے میں تیری جوت جلی ہے، تجھ سے پربھو جی شانتی ملی ہے

۳

پریت مسیح تیری میرے من بھائی ، جیون نیّا تُو نے پار لگائی



# گیت 76

دیکھ تیرا بادشاہ آنے والا ہے ، تختِ عدالت سنبھالنے والا ہے

۱

سونے والے جاگ اُٹھ نیند سے بیدار ہو
سر پر ہے شیطان ابلیس سے برسرِ پیکار ہو
صبح کا ستارا نمودار ہونے والا ہے

۲

برّے کا لہو جو اپنے دامن پہ سجائیں گے
بادلوں پہ وہی اُس کا استقبال کریں گے
آئے گا اور ساتھ ہمیں لے کے جانے والا ہے

۳

زندگی کا دینے والا زندگی سے پیارا ہے
دُور جو اندھیرا کرے یسوع وہ ستارا ہے
اے انسان تیرے من کی دُنیا کا اُجالا ہے

۴

چھوڑو یہ تنہائی بُت توڑ دو غرور کا
دوسروں کا غم اُٹھاؤ کہنا ہے یسوع کا
روشنی سنبھالو کوئی جھونکا آنے والا ہے

۵

مل کر چلو ہاتھ میں کلام ہو یہ نور کا
اِس کے بنا کیسے کٹے فاصلہ یہ دُور کا
ہم ہیں مسرور وہ بھی شاد ہونے والا ہے

# گیت 77

دیکھو دیکھو کوئی آ رہا ہے ، کیسا جلوہ مسیح آرہا ہے
آنکھیں اپنی اُٹھا کر تُو دیکھو ، کیسی شان سے مسیح آرہا ہے

۱

وہ بھی کیسی سواری ہے دیکھو ، آسماں کی بیداری ہے دیکھو
باجے بجتے ہیں دُوت گاتے ہیں ، کیونکہ دُولھا چلا آرہا ہے

۲

اَب نہیں ہے وہ کانٹوں کا سہرا ، وہ تو پہنے ہے دُولھا کا سہرا
زندگی زیب تن کیسی پیاری دولھن، جس کو لینے دولھا آ رہا ہے

۳

وہاں سورج نہ چاند اور نہ کوئی ، وہاں مُردے پڑے ہیں نہ کوئی
ہم سب ڈرتے ہیں اور کانپتے ہیں ، راج کرنے مسیح آ رہا ہے

۴

یہ دنیا ہماری مٹے گی ، اِک نئی دنیا پھر سے بسے گی
سب نیا ہوگا جگ نیا ہو گا ، نیا کرنے مسیح آ رہا ہے

# گیت 78

ڈِگا آن تیرے دربار ، کریں منظور نمانے نوں

میری سن فریاد پکار ، کریں منظور نمانے نوں

ا

یاراں دے نال وچ شراباں دولت سب لٹائی

بنیا نہ کوئی دردی میرا جدوں مصیبت آئی

سب چھڈ کے نس گئے یار ،کریں منظور نمانے نوں

۲

مَیں تیرا تے نالے رب دا کیتا پاپ وڈیرا

وچ گناہ دے رُلدا پھردا کر دے معاف تُوں میرا

میرا کوئی نہیں غم خوار ، کریں منظور نمانے نوں

۳

مَیں ہُن ہرگز نہ اِس قابل تیرا پُتر سداواں

اَج مَیں تیرا نوکر ہو کے تیرا حکم بجاواں

ساری عمر دا خدمت گار ،کریں منظور نمانے نوں

۴

طالبؔ باپ قبولیا بیٹا سب قصور منائے

فیر دوبارہ بُھلیا بیٹا سینے نال لگائے

بابل دتے قصور وسار ، کریں منظور نمانے نوں

# گیت 79

ڈوری دُنیا دے پیار والی چھڈ دے ، تے یسوع تینوں بولدا

دلوں کفر تے غرورسارے کڈھ دے ،تے یسوع تینوں بولدا

۱

تنیوں گھلیاسی نیکیاں کمان نوں،تُوں تے پوجیا اے رَج کے شیطان نوں

اوکھا ہوویں گا حضوری میری چھڈ کے ،تے یسوع تینوں بولدا

۲

آدم حوا تھوں قصور ایہہ ہوگیا، پھل کھا کے تے میتھوں دُورہوگیا

جیہڑا دیندا نہیوں پھل رُکھ وڈھ دے ، تے یسوع تینوں بولدا

۳

میرا جو ہے ملام یسوع بولدا ، تیرے پاپاں نوں مَس لہو نال دھووندا

پنڈ پاپاں والی میرے اُتے لَد دے ، تے یسوع تینوں بولدا

۴

سولی چڑ گیا مَیں تیرے بچان نوں ، سارے کم ابلیس دے مٹان نوں

دو ویں ہتھ توں صلیب اُتے رکھدے ، تے یسوع تینوں بولدا

۵

جو ایمان نہیں مسیحا تے لیاوندا ، توبہ کر کے تے سیس نہیں نواوندا

ہاڑے پاوے گا ہمیشہ وِچ اُگ دے ، تے یسوع تینوں بولدا

# گیت 80

۱

راجا یسوع آیا راجا یسوع آیا
شیطان کو جیتنے کے لئے راجا یسوع آیا

۲

دنیا میں تو پاپ اور دکھ ہوتے ہیں بہتیرے
پوری شانتی دینے کے لئے راجا یسوع آیا

۳

دے کر کروس پہ اپنی جان آپ کو کیا بلیدان
سارے جگ کا تراتا ہو کے راجا یسوع آیا

۴

ہوا مَیں آنندت پا کر میرے دل میں آیا
دل کو صاف کرنے کے لئے راجا یسوع آیا

۵

راجا یسوع آیا میرے دل میں آیا
مجھ کو مکتی دینے کے لئے راجا یسوع آیا

۶

راجاؤں کا راجا پر بھوؤں کا پربھو
جے جے بولو سارے لوگو راجا یسوع آیا

# گیت 81

رب کی ہووے ثنا ہمیشہ ، رب کی ہووے ثنا

۱

رب کی ہووے مَدح سرائی ، اُس کے نام کی ثنا

۲

رب کے گھر میں ہووے ستائش ، اُس کی حمد و ثنا

۳

کاموں میں ہے وہ کیسا قادر ، اُس کی قدرت بتا

۴

بجے کے زور سے پھونکو نرسنگے ، بربط بین بجا

۵

تاردار سازوں پہ راگنی چھیڑو ، دف اور طبلے بجا

۶

بانسلی پر سنا سُریلی جھن جھن جھانجھ بجا

۷

سارے مل کر تالی بجاؤ ، گاؤ رب کی ثنا

# گیت 82

رُوح کی بارش برسا چاہتی ہے ، خداوند کی شفا آتی ہے
پریم کی برکھا برسا چاہتی ہے ، خداوند کی شفا آتی ہے

۱

شفا کا منبع یسوع مسیحا چھونے کا اُس کو وقت ہے یہ
اپنے اِیمان سے اُس کے لہو سے پاپوں سے چھٹنے کا وقت ہے یہ

۲

تیرے گناہ چاہے ہوں قرمزی برف کی مانند دھو دے گا وہ
پانی اور رُوح سے دے گا جنم جھرنوں سی زندگی دے دے گا وہ

۳

اُس پر نظر کر لے لے شفا اپنے مسیحا سے لے لے شفا
اُس کی صلیب سے لے لے شفا اُس کے لہو سے لے لے شفا

۴

کوڑے بھی کھائے تیرے لئے تیرے لئے ہی سولی چڑھا
کچلا گیا وہ تیرے لئے تیری شفا کو یہ سب سہا

# گیت 83

زندہ ہے اب اور زندہ رہے گا میرا منجی پیارا
میرے لئے سولی پرچڑھ کر اُس نے دیا کفارہ

۱

مہریں لگا کر قبر پہ آئے ، اور وہاں پہ پہرے بٹھائے
قبر پہ رکھا پتھر بھارا

۲

صبح سویرے مریم آئی ،خوشبودار وہ چیزیں لائی
دیکھا آ کر عجب نظارہ

۳

دیکھ کر خالی قبر کو روئی ، لاش مسیح کی لے گیا کوئی
مالی سمجھ کر اُس کو پکارا

۴

مُردوں میں مِت ڈُھونڈو اُس کو ،جاؤ گلیل میں دیکھو اُس کو
بھائیوں سے کہنا ماجرا سارا

۵

دُنیا کو خوش خبری سناؤ ، زندہ مسیح کے پاس لے آؤ
اب ہے ضیاؔ یہ کام ہمارا

# گیت 84

سارا میرا بدن ہے مسیح جی تیرے واسطے

۱۔ دو میریاں اکھیاں ہین کلام پڑھن واسطے

۲۔دو میرے کن ہین کلام سنن واسطے

۳۔اِک میرا منہ ہے مسیح دی وڈیائی واسطے

۴۔دو میرے ہتھ ہین مسیح دی وڈیائی واسطے

۵۔دو میرے پیر ہین گرجے جاون واسطے

۶۔اِک میرا دِل ہے مسیح جی تیرے واسطے



# گیت 85

سارے رسولاں دے سردار یسوع سولی والے
نام تیرے تو مَیں بلہار یسوع سولی والے

۱

شافی جی کرم کمائیو پاپی نوں آن بچائیو
در تے کھڑا ہاں گنہگار ، یسوع سولی والے

۲

سولی تے چڑھیا یسوع کلاں نال جڑیا یسوع
کوڑیاں دی کھادی ڈاہڈی مار، یسوع سولی والے

۳

کنڈیاں دا تاج پایا پسلی وِچ نیزہ کھایا
ٹھٹھے کرن بدکار ، یسوع سولی والے

۴

مینوں گناہ دی لگی اے سخت بیماری
ڈاہڈا ہاں زندگی توں لاچار ،یسوع سولی والے

۵

دیندا مظلوم شافی زندگی ہمیشہ والی
مُردے جوائے واجاں مار ، یسوع سولی والے

۶

ہلیلیوِیاہ یسوع دی جگ وِچ پھیلا خوش خبری
موت دی ہوگی اے ہُن ہار ، یسوع سولی والے

# گیت 86

سُروں نوں ملا کے ،ہلیلیویاہ گا کے،عید نوں منانا

۱

زندہ مسیحا ہویا ہلیلیویاہ آکھو سارے
ڈگے سپاہی سبھے منہ پرنے ڈردے مارے
ڈِٹھا آزما کے زور سب لا کے سچ نوں چھپانا

۲

قبرجاں خالی ڈِٹھی مریم پچھاں نوں جاندی
جا کے یوحنا نالے پطرس نوں رو کے آہندی
یسوع نوں اُٹھا کے لے گیا کوئی آکے آدمی بیگانہ

۳

موت اُتے فتح پائی اپنی خدائی دسی
لاہ کے بھلیکھا سارا کامل سچائی
ہیکل نوں ڈھا کے فیر اوہ بنا کے جگ نوں وکھانا

۴

آؤ تے زندہ ہوئے یسوع جی نوں پکارو
نال فرشتیاں دے خوشیاں دے نعرے مارو
سِراں نوں نوا کے من چت لا کے یسوع ول جانا

۵

آؤ گے نہ جاؤ گے خالی گنہگارو میتھوں
آؤ نجات یسوع کہندا لو بیمارو میتھوں
میرے کول آ کے پاپ بخشا کے رُوحاں نوں بچانا

# گیت 87

سر پہ کانٹوں کا تاج دھرے ، مہاراج صلیب اُٹھا کے چلے

۱

گتسمنی میں جا کر تھی مانگی دُعا ، اَے خدا اِس پیالے کو مجھ سے ہٹا
پر خدا کی نہ تھی ایسی ہرگز رضا، یسوع موت کا جام اُٹھا کے چلے

۲

جو ازل سے لکھا تھا صحیفوں میں، جو برائیاں پڑی تھیں نحیفوں میں
ہم ڈُوبے ہوئے ہوے تھے پاپوں میں ،یسوع ہم کو پار لگا کے چلے

۳

وَیری آ پہنچے لیا پکڑ اُسے ، کیا پیش کچہری میں جا کے اُسے
ملا حکم صلیب چڑھا دو اِسے ،یسوع بوجھ گناہ کا اُٹھا کے چلے

۴

یسوع سولی اُٹھا کلوری کو چلے، کئی بار وہ راستے میں غم سے گرے
اپنے وعدوں سے آپ نہ ہرگز پھرے ، میرے پاپوں کا بوجھ اُٹھا کے چلے

۵

جلادوں نے کپڑے اُتار لئے ، ہاتھ پاؤں میں کیل اُس کے گاڑ دیئے
یسوع مر کے جہاں کے منجی بنے، مجھے موت کے دکھ سے بچا کے چلے

# گیت 88

سُن لو پیارے بچو مسیح جی میرا دُنیامیں آیا

۱

دُنیا میں آیا نجات وہ لایا ،لوگوں کی جان کو بچایایسوع دنیا میں آیا

۲

آسمانی باپ کا اکلوتا بیٹا ، ابن آدم کہلایا یسوع دنیا میں آیا

۳

اندھوں کو آنکھیں گونگوں کو بولی ،بہروں کو بل سنایا یسوع دنیا میں آیا

۴

کوڑھی اپاہج چنگے کیئے ہیں،مُردوں کو آواز سے جلایا یسوع دنیا میں آیا

۵

ہم جب گناہ میں پڑے ہوئے تھے،اپنا پیار دکھایا،دکھایا یسوع دنیا میں آیا

۶

دنیا کی خاطر صلیب پر چڑھ کر اپنا خون بہایا ، بہایا یسوع دنیا میں آیا

۷

جو کوئی اُس پر ایمان لایا،اُس کو مسیح نے بچایا ، بچایا یسوع دنیا میں آیا

# گیت 89

سورگ سے اُنڈیل یسوع اَگنی سا جیون
مجھ کو تُو دے یسوع بھرپور جیون
پاک روح کی آگ اب لگا میرے اندر
من میں بھر دے یسوع پُرشدھ جیون

۱

پریم کی آگ اب لگا میرے من میں
پیار کروں تجھے پورے لگن سے
تن من دھن سب دیتا تجھے مَیں
بینتی کروں یسوع دے سُور گیا جیون

۲

پاک روح کی پیاس میرے من میں لگا دے
تعریف گانا مجھ کو سکھا دے
جیون کے جل سے پیوں میں آکے
مجھ سے بہا یسوع ندیوں سا جیون

# گیت 90

شفا دست کرم سے اُس کے پائے جس کا جی چاہے
میرے کہنے پہ کیا ہے آزمائے جس کا جی چاہے

۱

مریضانِ گناہ کو دو خبر فیضِ مسیحا کی
بِلا قیمت دوا ملتی ہے آئے جس کا جی چاہے

۲

گنہگاروں کو مژدہ دو مسیحا جی اُٹھا جب سے
درِ جنت کھلا رہتا ہے آئے جس کا جی چاہے

۳

ہے تثلیث اِلٰہی عقل اِنسانی سے گو باہر
صداقت اُس کی لیکن دِل میں پائے جس کا جی چاہے

۴

ندا دی اَبر رحمت نے کھڑے ہوکر یہ ہیکل میں
کہ آبِ زندگی دیتا ہوں آئے جس کا جی چاہے

۵

خزانہ آسمان پر ہے ہمارا کیا کمی ہم کو
تلاشِ زرمی اپنی گنوائے جس کا جی چاہے

# گیت 91

۱

شیطان کا مقابلہ کرو وہ تم سے بھاگ جائے گا

کورس

پربھو یسوع کے نام میں فتح ،یسوع ناصری کے خون میں فتح

۲

سارے ہتھیار باندھ لو ، وہ تم سے بھاگ جائے گا

۳

بلا ناغہ دُعا کرو ، وہ تم سے بھاگ جائے گا

# گیت 92

صلیب اُٹھا کے تجھے چلنا ہوگا،آج پربھو کو دِل دینا ہوگا

۱

راہوں کو اپنی چھوڑ کے آجا ،نئی یہ زندگی انعام میں لے جا
آج پربھو کے لئے صلیب اُٹھا جا ،آج پربھو کو دِل دینا ہوگا

۲

پریمی مسیح سے پریت لگا لئے ، پریت مسیح سے نئی لگا لے
آج پربھو کی جوت پار لگائے ،آج پربھو کو دِل دیناہوگا

۳

دُور کرے گا غم تیرے دِل کا، پاپ مٹا کے نیا جیون دے گا
آ پربھو کے لئے آنا ہو گا، آج پربھو کو دِل دینا ہوگا



# گیت 93

کروس ہے تیرا نشاں نشاں ،آگے بڑھ اَے جواں جواں

پیچھے نہ ہٹنا کبھی کبھی ، یسوع ہے تیری چٹان چٹان

۱

نیّا تیری منجھدار میں ڈُوبی کون لگائے گا پار

کھیون یسوع ہو سکتا ہے تیری نیّا کی پتوار

۲

تیری خاطر آیا جگت میں تجھ کو بچانے کو

تیرے ہی لئے یسوع نے کھولا مکتی کے در کو

۳

بڑھتا چلا جا تُو ساتھ مسیح کے اُس میں ہے زندگی

آئندہ جہاں میں پائے گا تُو ابدی زندگی



# گیت 94

۱ کس نے بنایا مچھلی کو مچھلی کو ؟

کس نے بنایا مچھلی کو بنایا مچھلی کو ؟

خدا نے بنایا مچھلی کو مچھلی کو مچھلی کو

خدا نے بنایا مچھلی کو مچھلی کو بنایا مچھلی کو

۲ کس نے بنایا تتلی کو ؟ ۳ کس نے بنایا چڑیوں کو ؟

۴ کس نے بنایا پھولوں کو؟ ۵ کس نے بنایا ہم سب کو؟

۶ کس نے صلیب پر جان اپنی دی؟

کس نے صلیب پر جان اپنی دی؟

مجھے بچانے کو

یسوع نے صلیب پر جان اپنی دی

یسوع نے صلیب پر جان اپنی دی

مجھے بچانے کو



# گیت 95

کسے پچھیاں نہ جگ دیاں ساراں، تیرے باجھوں سولی والیا
تیرا ہر دم شکر گزاراں ، یسوع میرے سولی والیا

۱

رب دا حبیب تُوئیں ،جگ دا طبیب تُوئیں
تیرے اُتوں مَیں تن من واراں

۲

تیریاں نشانیاں دا ، ایہناں مہربانیاں دا
مَیں تے ہر دم شکر گزاراں

۳

جگ دا بچاونے نوں ، جنت وکھا ونے نوں
کھاہدیاں نیں کوڑے دیاں ماراں

۴

تیرے ہی کلام دیاں ، یسوع تیرے نام دیاں
دُھماں پے گئیاں شہر بازاراں

# گیت 96

کلوری دے سہارے ، پاپی بچدے نیں سارے

۱

اوتھے سولی توں چڑھیا ، دُکھ ڈاہڈا ہے جریا

مُل ساڈا تُوں بھریا ، دے کے خون پیارے

۲

تیراخون پیارا ، بن کے وگ پیارادھارا

ہویا ساڈا کفارہ ، ڈھکے پاپ ہمارے

۳

کیوں نہ گُن تیرے گاواں ، جند گھول گھماواں

تیرے پیچھے پیچھے جاواں ، ویکھاں سولی دے نظارے

۴

تیری قدر اوہ جانے ،جیہڑا زخم پچھانے

لہو جنہاں وِچوں وَگ کے ، آیا دیس ہمارے

۵

تیرے پیار نوں لے کے ،اسیں لوکاں کول جائیے

توبہ کر کے گناہ توں ، لگن پار کنارے

۶

دے توفیق اسانوں ، وڈا حوصلہ کریئے

جاناں رُڑھدیاں تائیں ، پھڑ کے لائیے کنارے

# گیت 97

کلوری کا وعداہ نبھانے ہم چلیں گے
اپنی اپنی سولی اُٹھا کے ہم چلیں گے
جانا ہے جانا ہے جانا ہے جانا ہے

۱

گرچہ یہ راہیں کٹھن ہیں چلتے رہیں گے ہم اِن پر
راہوں میں طوفان کھڑے ہیں بڑھتے رہیں گے ہم مل کر

۲

سنگ ہمارے وہ ہوگا فدیہ دیا ہے جس نے
ابدی جیون وہ دے گا لہو بہایا ہے جس نے

۳

روشن کرے گا دِلوں کے تاریک آنگن وہ سارے
بن کے سفینے کا رہبر ہم کو لگائے کنارے

۴

پہنچیں گے اُس پار ایک دن پُر نور گا نظارہ
ہو گی ستائش مسیح کی وہی منجی ہمارا

# گیت 98

۱

کلیسیا تیرے لئے خوش خبری یسوع جلد آتا ہے

اُس سے ملاقت کی کر تُو تیاری کہ وقت اب جاتا ہے

کورس

اب اُوپر دیکھ اب اُوپر دیکھ تیرا دُولھا آتا ہے

تجھ کو لینے کے لئے ، پیارا یسوع آتا ہے

۲

دُنیا میں آ کر پیارے یسوع نے لہو بہایا تھا

اور اُس نے بہت بڑی قیمت سے تجھ کو خریدا تھا

۳

یہ ساری دُینا بالکل فانی ہے گناہ سے بھری ہے

یہ تیرے لئے ایک سرائے ہے یہاں سے جانا ہے

۴

بادشاہت ہوگی ہزاروں سال کی جب یسوع آئے گا

لہو میں جس نے جامہ دھویا نہیں وہاں جانے نہ پائے گا

# گیت 99

کوئی نرسنگا پھونک رہا ہے ، بادلوں پہ یسوع جلد آ رہا ہے

۱

اُس کے پیار کی شمعیں جلائیں ،پھولوں سے اُس کی راہیں سجائیں

ہم کو لینے وہ آ رہا ہے

۲

ہوشعنا کے نعرے لگائیں ، آگے ہی آگے بڑھتے جائیں

جیون دینے وہ آ رہا ہے

۳

وہی شہر میں داخل ہوں گے ، جن کے کتاب میں نام ملیں گے

اُن کو لینے وہ آ رہا ہے

# گیت 100

## کیسی خوشی ہے کیسی خوشی

۱

ابدی محبت سے ہمیں پیار کیا ، اپنا بیٹا ہمیں بنا لیا
یہ ہماری خوش بختی ہے

کورس

ہیلیلویاہ ثنا گائیں گے ، ہم پربھو یسوع کے لئے
کیسی خوشی ہے کیسی خوشی

۲

خوشی کے تیل سے مسح کیا ہے، پاک زمین میں داخل کیا ہے

۳

یسوع کی آمد کی خوشی ہے ، لے جائے گے ہم کو اپنے ساتھ

۴

ابدی جلال میں پرستش کریں گے، باپ کید ہنے بیٹھ جائیں گے